

# نومولود بچوں کی سائیٹومیگالو وائرس (Cytomegalovirus, CMV) کے لیے اسکریننگ

## تمام بچوں کے لیے ایک نیا ٹیسٹ

*آپ کو پیدائش کے بعد پہلے ہفتے میں کیا جاننے کی ضرورت ہے، بشمول یہ کہ نتائج سے کیسے دستبردار ہوں*

NEW YORK STATE | Department of Health

www.wadsworth.org/newborn

20558 (Urdu)

## حوالہ جات اور وسائل

**نیو یارک سٹیٹ نیو بارن اسکریننگ پروگرام (New York State Newborn Screening Program)**
https://www.wadsworth.org/programs/newborn/screening/additional-testing

**امیریکین اکیڈمی آف پیڈیاٹرکس (American Academy of Pediatrics)**
https://www.aap.org/en/news-room/aap-voices/newborn-screening-for-congenital-cytomegalovirus-one-pediatricians-journey/

**بے بیز فرسٹ ٹیسٹ (Baby's First Test)**
https://www.babysfirsttest.org/newborn-screening/conditions/congenital-cytomegalovirus

**سنٹر فار ڈز ایز کنٹرول اینڈ پریوینشن (Centers for Disease Control and Prevention, CDC)**
https://www.cdc.gov/cmv/index.html

**یو ایس نیشنل لائبریری آف میڈیسن MedlinePlus (U.S. National Library of Medicine)**
https://medlineplus.gov/cytomegalovirusinfections.html

**مائیو کلینک (Mayo Clinic)**
https://www.mayoclinic.org/diseases-conditions/cmv/symptoms-causes/syc-20355358


**مزید معلومات کے لیے ملاحظہ کریں:**
www.wadsworth.org/newborn

NEW YORK STATE | Department of Health

07/23

# دستبرداری کا فارم

(اختیاری، کاٹ کر اتاریں)



براہ کرم ذیل میں موجود حصوں A اور B کو صرف اس صورت میں بھریں، اگر آپ نہیں چاہتے کہ آپ کے بچے کے cCMV نتائج ریکارڈ کیے جائیں۔ فارم مکمل کرنے کے بعد، اس حصے کو احتیاط سے بروشر سے اتار لیں۔ یہ حصہ اپنی نرس یا پیدائشی عملے کو دے دیں۔ یقینی بنائیں کہ نرس یہ فارم آپ کے بچے کے نومولود معائنے کے ساتھ منسلک کرے۔ آپ یہ فارم NBS پروگرام کو بھی بھیج سکتے ہیں (صفحہ 6 پر پتہ دیکھیں)۔

## دستبردار ہونے کے لیے حصہ A اور حصہ B مکمل کریں:

**A. ذیل میں معلومات درج کریں:**

نومولود معائنے کی لیب آئی ڈی (گلابی سلپ سے): ____

نومولود کا پہلا نام: ____

نومولود کا آخری نام: ____

نومولود کی تاریخ پیدائش (MM/DD/YYYY): ____

پیدائشی والدہ کا پہلا نام: ____

پیدائشی والدہ کا آخری نام: ____

پیدائشی والدہ کی تاریخ پیدائش (MM/DD/YYYY): ____

پیدائش کا ہسپتال: ____

**B. دستبرداری کی تصدیق کرنے کے لیے نام کے ابتدائی حروف لکھیں، دستخط کریں اور تاریخ ڈالیں:**

میں (یہاں ابتدائی حروف لکھیں ________) اپنے نومولود بچے کے لیے cCMV ٹیسٹ کے نتائج وصول کرنے سے دستبردار ہو رہا/رہی ہوں، بے شک اگر نتیجہ مثبت ہو۔

والد/والدہ کا نام (پرنٹ): ____

والد/والدہ کا دستخط: ____

دستخط کی تاریخ (MM/DD/YYYY): ____

الثائیں ←

# کنجیٹل سائٹومیگالو وائرس (cCMV) کے لیے نومولود بچوں کی نئی اسکریننگ

موسم گرما 2023 سے شروع کرتے ہوئے نیو یارک سٹیٹ نیو بارن اسکریننگ (Newborn Screening, NBS) پروگرام کو موصول ہونے والے جانچ کے تمام نمونوں کی 1 سال کے لیے سائٹومیگالو وائرس (congenital cytomegalovirus, CMV) کے لیے جانچ کی جائے گی۔ ہمارے پیش گوئی کے تحت ہر 200 نومولود بچوں میں سے ایک کا cCMV کا نتیجہ مثبت آئے گا۔ cCMV کے ساتھ پیدا ہونے والے کچھ بچے سماعت کھو سکتے ہیں یا دیگر طبی مسائل کے شکار ہو سکتے ہیں۔

> ہر سال نیو یارک سٹیٹ میں پیدا ہونے والے 1,100 بچوں یا ہر 200 میں سے ایک پیدائش میں ممکنہ طور پر کنجینیٹل CMV ہوتا ہے۔

تمام بچوں میں cCMV کے لیے جانچ کی جا سکتی ہے، مگر آپ cCMV نتائج وصول نہ کرنے اور اپنے بچے کے نتائج کو ان کی نومولود اسکرین کے ریکارڈ سے نکالنے کا انتخاب کر سکتے ہیں۔ اگر آپ یہ نتائج وصول نہیں کرنا چاہتے اور اپنے بچے کے cCMV ٹیسٹ کے نتائج کو نومولود اسکریننگ کی رپورٹ میں سے نکالنا چاہتے ہیں، تو دستبردار ہونے کے لیے اس بروشر کے صفحہ 6 پر ہدایات پر عمل کریں۔ دستبردار ہونے کا مطلب ہے کہ نہ آپ کو اور نہ ہی آپ کے بچے کے نگہداشت صحت کے فراہم کنندہ کو اپ کے بچے کے cCMV ٹیسٹ کے نتائج کے متعلق آگاہ کیا جائے گا، بےشک اگر وہ نتیجہ مثبت ہو۔ اگر آپ دستبردار ہونا چاہتے ہیں، تو آپ کو فورًا عمل کرنا ہو گا۔ آپ کے بچے کی نومولود اسکرین رپورٹ ان کی پیدائش کے بعد 5-7 دنوں کے اندر مکمل ہو گی۔ اگر آپ اس سے پہلے NBS پروگرام کے ساتھ رابطہ نہیں کرتے، تو آپ کے بچے کے cCMV نتیجے کو ان کی رپورٹ میں شامل کر دیا جائے گا۔ اگر آپ اپنے بچے کے cCMV ٹیسٹ کے نتائج حاصل کرنا چاہتے ہیں، تو آپ کو کچھ کرنے کی ضرورت نہیں۔

## نومولود اسکریننگ کیا ہے؟

پیدائش کے بعد جلد ہی، امریکہ میں پیدا ہونے والے ہر بچے کے مخصوص طبی مسائل کی جانچ کے لیے ٹیسٹ کیے جاتے ہیں۔ ان ٹیسٹوں کو نومولود اسکریننگ (NBS) کہا جاتا ہے۔ ہر ریاست میں ایک نیو بارن اسکریننگ پروگرام ہوتا ہے، جو ٹیسٹنگ فراہم کرتا ہے۔ نیو یارک ریاست (New York State, NYS) کا NBS پروگرام ایک مفت سروس ہے، جو ریاست میں پیدا ہونے والے تمام بچوں کو فراہم کی جاتی ہے۔ یہ اسکریننگ NYS پبلک ہیلتھ لاء سیکشنز 2500-a اور 2500-f کے تحت لازمی ہے۔ نومولود اسکریننگ کا مقصد ان مسائل کے حامل بچوں کی بیمار ہونے سے پہلے ان کی تشخیص اور علاج کرنا ہے۔

NYS NBS پروگرام بچوں کے 50 سے زائد بیماریوں کے ٹیسٹ کرتا ہے۔ کئی نایاب ہوتی ہیں اور وہ عمومًا سنجیدہ ہوتی ہیں۔ کچھ جلد موت کا سبب بن سکتی ہیں۔ دیگر کی وجہ سے بچے کی بڑھوتری متاثر ہو سکتی ہے۔ کچھ سیکھنے کی معذوریاں پیدا کر سکتی ہیں۔ دیگر آثار و علامات بھی ممکن ہیں۔ NYS میں ٹیسٹ کی جانے والی تمام بیماریوں کے لیے علاج موجود ہیں۔ ہر علاج بےحد اہم ہے! بچوں کی تشخیص اور علاج کرنا انہیں ایک صحت مند زندگی گزارنے میں مدد دے سکتا ہے۔ ہماری ویب سائٹ پر وہ بیماریاں موجود ہیں، جن کے لیے NYS NBS پروگرام اسکریننگ کرتا ہے۔

**مزید معلومات کے لیے ملاحظہ کریں:** www.wadsworth.org/newborn.



# میں اپنے بچے کی cCMV اسکرین کے نتائج حاصل کرنا نہیں چاہتا/چاہتی۔ میں کیسے دستبردار ہوں؟

موسم گرما 2023 سے شروع کرتے ہوئے نیو یارک سٹیٹ نیو بارن اسکریننگ پروگرام کو موصول ہونے والے جانچ کے تمام نمونوں کی 1 سال کے لیے cCMV کے لیے جانچ کی جائے گی۔ والدین اس نتیجے کو نومولود اسکریننگ کی رپورٹ میں ریکارڈ کیے جانے سے دستبردار ہونے کا انتخاب کر سکتے ہیں۔ **اگر آپ نتیجے کو اپنے بچے کے ریکارڈ میں نہیں رکھنا چاہتے، تو آپ کو اپنے بچے کی رپورٹ کے مکمل ہونے سے پہلے دستبردار ہونے کی ضرورت ہے۔ رپورٹس عمومًا بچے کی پیدائش کے 5-7 دنوں کے اندر تیار ہو جاتی ہیں۔ اگر آپ دستبردار ہونا چاہتے ہیں، تو براہ کرم جلدی عمل کریں۔** آپ اپنے بچے کی رپورٹ بن جانے کے بعد دستبردار نہیں ہو سکتے۔ اگر آپ دستبردار ہونا چاہتے ہیں، تو NYS NBS پروگرام کو درج ذیل میں سے **ایک** اختیار کے ذریعے آگاہ کریں:

1. اس بروشر کے اگلے حصے پر موجود **QR کوڈ کو اسکین کریں** ۔ ہماری ویب سائٹ پر ہدایات پر عمل کریں۔
2. **اس بروشر میں موجود دستبرداری کے فارم (یہ سے باہر نکلتا ہے) کو اتاریں اور بھریں۔ یہ پیدائش کے ہسپتال میں نرس کو دیں، تاکہ اسے آپ کے بچے کی نومولود اسکرین کے نمونے کے ساتھ منسلک کیا جا سکے۔** یہ اختیار پیدائش کے 2 دن کے اندر استعمال کر لیا جانا چاہیے۔
3. مکمل شدہ دستبرداری فارم (تہہ سے باہر نکلتا ہے) کی تصویر یہاں **ای میل کریں:** cmvnbs@health.ny.gov.
4. NYS NBS پروگرام کو **کال کریں: 518-473-7552 (اختیار 5)** زبان کی ترجمانی درخواست پر دستیاب ہے۔
5. دستبرداری فارم **بذریعہ ڈاک** یہاں بھیجیں:
   Newborn Screening Program
   NYS Department of Health
   120 New Scotland Avenue
   Albany, NY 12208

> **اہم:** اگر آپ دستبردار ہونے کا انتخاب کرتے ہیں، تو آپ کے بچے کے نتائج کی بالکل بھی اطلاع نہیں دی جائے گی۔ دستبردار ہونے کا مطلب ہے کہ آپ اور آپ کے بچے کے نگہداشت صحت کے فراہم کنندہ کو آگاہ نہیں کیا جائے گا، بےشک اگر آپ کے بچے کا نتیجہ مثبت ہو۔

*(نوٹ: آپ کے پاس لیب آئی ڈی (تہہ ہو کر باہر نکلنے والے حصے کا خاکہ دیکھیں)، بچے کا نام، بچے کی تاریخ پیدائش، بچے کی پیدائشی والدہ کا نام اور پیدائشی والدہ کی تاریخ پیدائش ہونی چاہیے)*

**براہ کرم دستبردار ہونے کا انتخاب کر کے آپ صرف cCMV اسکرین کے نتائج کو ریکارڈ کیے جانے سے دستبردار ہو رہے ہیں۔ آپ کے بچے کے پھر بھی پورے نومولود اسکرین پینل کے لیے ٹیسٹ کیے جائیں گے۔** والدین صرف مذہبی بنیادوں پر پوری نومولود اسکرین سے نکلنے کا انتخاب کر سکتے ہیں پوری نومولود اسکرین سے نکلنے کا فیصلہ کرنے والے والدین کو ایک علیحدہ فارم مکمل کرنا ہو گا۔

مزید معلومات کے لیے ہمارے ساتھ درج ذیل میں سے کسی ایک طریقے سے رابطہ کریں:

**فون:** 518-473-7552 (اختیار 5)
**CMV ای میل:** cmvnbs@health.ny.gov
**ویب سائٹ:** www.wadsworth.org/newborn



# دستبرداری کا سروے

(اختیاری، کاٹ لیں)

ہم آپ کے فیصلے کا احترام کرتے ہیں۔ ہم اس بارے میں مزید سیکھنے کی کوشش کر رہے ہیں کہ لوگ کیوں دستبردار ہونا چاہتے ہیں۔ دستبردار ہونے کا فیصلہ کرنے کے لیے آپ کی وجوہات کیا تھیں؟ براہ کرم جتنے چاہیں جوابات منتخب کریں۔

- ☐ میں اس ٹیسٹ کے لیے اپنے بچے کے نتائج حاصل کرنا نہیں چاہتا/چاہتی
- ☐ میرے پاس فیصلہ کرنے کے لیے کافی معلومات نہیں ہیں
- ☐ میں cCMV کے متعلق سیکھنے کے لیے بہت زیادہ تھکاوٹ زدہ/مصروف/مغلوب ہوں
- ☐ میں بچے کی پرائیویسی کے متعلق پریشان ہوں
- ☐ میں کوئی بھی ایسی چیز نہیں جاننا چاہتا/چاہتی، جو مجھے پریشان کرے
- ☐ مجھے نہیں لگتا کہ میرے بچے کو اضافی ٹیسٹنگ کی ضرورت ہے
- ☐ میں غیر یقینی نتائج کے امکان کے متعلق پریشان ہوں
- ☐ میں پریشان ہوں کہ شاید cCMV کے لیے مؤثر علاج موجود نہیں ہے
- ☐ میں کسی ایسے وائرس کے لیے اپنے بچے کے ٹیسٹ نہیں چاہتا/چاہتی، جو شاید اسے سالوں تک متاثر نہ کرے
- ☐ میں بچے کے مستقبل کے بارے میں فکرمند ہوں، اگر اسے cCMV ہو
- ☐ مجھے سائنس/حکومت پر بھروسہ نہیں ہے
- ☐ دیگر، براہ کرم مختص کریں: ____________________

____________________

____________________

____________________

- ☐ جواب نہ دینے کو ترجیح دیتے ہیں

20558 (Urdu)

NEW YORK STATE Department of Health

07/23

## مثبت اسکرین اور اگلے مراحل

**یہ cCMV نومولود اسکرین ایک تشخیصی ٹیسٹ نہیں ہے۔ یہ نہیں بتا سکتا کہ آیا آپ کے بچے کو یقیناً cCMV ہے۔** اگر آپ کے بچے کی cCMV اسکرین مثبت ہوئی، تو آپ کو کال کی جائے گی۔ آپ کو آپ کے بچے کے نگہداشت صحت کے فراہم کنندہ کی جانب سے یا ایک انفیکشیئس ڈیزیز اسپیشلسٹ کی جانب سے کال کی جا سکتی ہے۔ وہ آپ کے ساتھ آپ کے بچے کے نتائج کے متعلق بات کریں گے۔ وہ آپ کے بچے کے لیے ایک اپوائنٹمنٹ طے کریں گے۔ اس ملاقات میں، آپ کے بچے کا ایک پیشاب کا نمونہ جمع کیا جائے گا۔ پیشاب کے اس نمونے پر CMV کا ایک ٹیسٹ کیا جائے گا۔ یہ تشخیصی ٹیسٹ بتائے گا کہ آیا آپ کے بچے کو cCMV لاحق ہے یا نہیں۔ پیشاب کے اس ٹیسٹ کو آپ کے بچے کی پیدائش کے بعد جتنی جلدی ممکن ہو کرنے کی ضرورت ہے۔

نومولود اسکرین میں غلط مثبت نتائج نایاب، مگر ممکن ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ آپ کے بچے کوcCMV لاحق ہونے کی تصدیق کرنے کے لیے پیشاب کا ایک تشخیصی ٹیسٹ ضروری ہے۔

اگر آپ کے بچے میں cCMV کی تشخیص ہو جاتی ہے، تو اپنے بچے کے نگہداشت صحت کے فراہم کنندہ کے ساتھ کام کرنا بےحد اہم ہے۔ آپ کے بچے کی نگہداشت کے لیے اگلے مراحل کی منصوبہ بندی آپ کے ساتھ مل کر کی جائے گی۔ آپ کے بچے کے نگہداشت صحت کے فراہم کنندہ یہ فیصلہ کرنے میں مدد دیں گے کہ آیا آپ کے بچے کو علاج سے فائدہ ہو گا۔ cCMV کے حامل کچھ بچوں کا ادویات سے علاج کیا جا سکتا ہے۔

## cCMV کے حامل بچوں کے خاندانوں کے لیے معلومات

معاون گروپس cCMV کے حامل بچوں کے خاندانوں کو مربوط کرنے میں مدد دے سکتے ہیں۔ یہ ایسے لوگوں سے بات کرنے میں مدد دے سکتا ہے، جنہیں cCMV کے ساتھ رہنے کا تجربہ ہو۔ یہ گروپ ایک کمیونٹی کی تشکیل کو ممکن بناتے ہیں۔ یہ تنظیمیں خاندانوں، cCMV کے حامل لوگوں، نگہداشت صحت کے فراہم کنندگان اور حمایت کاروں کے لیے وسائل فراہم کرتی ہیں:

**نیشنل CMV فاؤنڈیشن (National CMV Foundation)** کی ویب سائٹ پر cCMV کے حامل بچوں کی کہانیاں موجود ہیں، جو ان کے والدین شیئر کرتے ہیں۔ وہ cCMV کی تشخیص والے بچوں کے والدین کے لیے کئی مفید ٹولز اور وسائل کی پیشکش کرتے ہیں۔
**ملاحظہ کریں:** www.nationalcmv.org

**نیشنل کنجینیٹل CMV ڈیزیز رجسٹری (National Congenital CMV Disease Registry)** ایک دوسرے کو مدد اور معاونت دینے کے لیے دیگر خاندانوں کے ساتھ معلومات شیئر کرنے کا طریقہ فراہم کرتی ہے۔
**ملاحظہ کریں:**
https://www.bcm.edu/departments/pediatrics/divisions-and-centers/congenital-cmv-disease-research-clinic-registry



## NYS NBSپروگرام cCMV کے لیے یہ اضافی ٹیسٹ کیوں کر رہا ہے؟

تمام بچوں کا cCMV کا ٹیسٹ کرنا 3 سوالات کے جواب دے گا:

1. کیا نومولود اسکریننگ میں cCMV کی تشخیص کی جا سکتی ہے؟
2. نومولود بچوں میں cCMV کتنا عام ہے؟
3. کیا ٹیسٹ cCMV کے حامل بچوں کی مدد کر سکتا ہے؟

## cCMV کے لیے اسکریننگ کرنا کیوں مفید ہے؟

اگر کسی شخص کو حمل کے دوران پہلی مرتبہ وائرس لاحق ہو جائے، تو بچے کو 10 میں سے کم از کم 4 کے برابر متاثر ہونے کا امکان لاحق ہے۔ حمل سے پہلے وائرس کا شکار ہونے والے شخص سے بھی بچے میں یہ وائرس جا سکتا ہے۔ حاملہ افراد کے CMV کے لیے باقاعدگی سے ٹیسٹ نہیں کیے جاتے، لہذا ہو سکتا ہے کہ انہیں معلوم نہ ہو کہ وہ حمل کے دوران وائرس کے شکار ہو گئے۔ **CMV اکثر بالغان میں بلاضرر ہوتا ہے، مگر cCMV کے ساتھ پیدا ہونے والے بچوں کو علامات اور طویل مدتی مسائل کا خطرہ ہوتا ہے۔**

CMV ایک بہت عام وائرس ہے۔ امریکہ میں، تقریبًا 3 میں سے 1 بچے کو 5 سال کی عمر تک CMV لاحق ہو جاتا ہے۔ 40 کی عمر تک، امریکہ میں تقریبًا آدھے بالغان CMV کے شکار ہو چکے ہوتے ہیں۔ زیادہ تر بالغان کو علم نہیں ہوتا کہ انہیں یہ وائرس لاحق ہے، کیونکہ زیادہ تر لوگوں میں کوئی علامات ظاہر نہیں ہوتیں۔ CMV کے حامل کچھ لوگوں کو زکام جیسی علامات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ علامات میں گلا خراب ہونا، بخار، تھکاوٹ اور سوجن زدہ غدود شامل ہو سکتی ہیں۔ **اہم طور پر، ایسے حاملہ افراد، جنہیں علم نہ ہو کہ انہیں وائرس لاحق ہے، سے ان کے نامولود بچوں کو وائرس جا سکتا ہے۔**

چونکہ cCMV کے حامل زیادہ تر بچے پیدائش پر کوئی بھی آثار یا علامات ظاہر نہیں کرتے، تو نگہداشت صحت کے فراہم کنندہ کے لیے ضروری ہے کہ وہ بچے کی سماعت اور بڑھوتری کے سنگ ہائے میل پر نظر رکھیں۔ سماعت کی کمزوری کو زندگی میں جلدی معلوم کر لینا اہم ہے اور بڑھوتری میں تاخیر سے بچا سکتا ہے۔

## cCMV اسکرین کیسے کی جاتی ہے؟

NYS میں پیدا ہونے والے تمام بچوں کا نومولود اسکریننگ کے لیے خون کا ایک چھوٹا نمونہ لیا جاتا ہے۔ یہ خون ایڑی چبھا کر لیا جاتا ہے۔ خون کے یہ نمونے NYS NBS پروگرام کو بھیجے جاتے ہیں۔ یہ امریکہ میں ہر روز ہزاروں بچوں کے لیے کیا جانے والا معمول کا ٹیسٹ ہے۔ **cCMV اسکرین کے لیے اضافی خون کی ضرورت نہیں ہے۔** cCMV اسکرین خون کے اسی نمونے کے ذریعے کی جائے گی۔ cCMV اسکرین خون میں وائرس کی علامات کو تلاش کرتی ہے۔ **اس ٹیسٹ کا کوئی خرچہ نہیں ہے۔**



## cCMV اسکرین کے ممکنہ نتائج کیا ہیں؟

**منفی cCMV اسکرین :ایک منفی cCMV اسکرین ایک عام نتیجہ ہے۔** ایک منفی نتیجے کا مطلب ہے کہ آپ کے بچے کو ممکنہ ترین طور پر cCMV انفیکشن نہیں ہے۔ زیادہ تر بچوں کا cCMV کا نتیجہ منفی ہو گا۔ چونکہ یہ ایک اسکریننگ ٹیسٹ ہے؛ ممکن ہے کہ cCMV کے حامل کچھ بچے چھوٹ جائیں۔ اگر آپ کے بچے کو cCMV یا سماعت کی کمزوری کی کوئی بھی علامات ہوں، تو ان کا نگہداشت صحت کا فراہم کنندہ پیشاب کے ایک تشخیصی ٹیسٹ کا حکم دے سکتا ہے۔ پیشاب کے ٹیسٹ کو وائرس کی تلاش کے لیے استعمال کیا جائے گا۔

**مثبت cCMV اسکرین :ایک مثبت cCMV اسکرین ایک غیر معمولی نتیجہ ہے۔** ایک مثبت نتیجے کا مطلب ہے کہ آپ کے بچے کو ممکنہ ترین طور پر cCMV انفیکشن لاحق ہے۔ آپ کے بچے کو cCMV لاحق ہونے کی تصدیق کرنے کے لیے پیشاب کے ایک تشخیصی ٹیسٹ کی ضرورت ہو گی۔ مزید معلومات کے لیے صفحہ 5 پر "مثبت اسکرین اور اگلے مراحل" ملاحظہ کریں۔



## cCMV انفیکشن کے ساتھ پیدا ہونے والے بچے

ہمارے توقع کرتے ہیں کہ ہر 200 بچوں میں سے 1 کا cCMV کا نتیجہ مثبت آئے گا۔ ایسے بچوں کے لیے، جن کی اسکریننگ مثبت آئے، ممکنہ نتائج درج ذیل ہیں:

بچہ پیدائش پر صحت مند ہے اور cCMV کے کوئی آثار یا علامات نہیں ظاہر کرتا۔ بچے میں کبھی بھی cCMV کی وجہ سے طبی مسائل پیدا نہیں ہوتے۔

بچہ پیدائش پر صحت مند نظر آتا ہے، مگر اس میں بعد میں cCMV کی وجہ سے سماعت کی کمزوری اور بڑھوتری میں تاخیر پیدا ہو جاتی ہے۔

بچہ پیدائش پر cCMV کی وجہ سے سماعت کی کمزوری کے آثار اور علامات ظاہر کرتا ہے۔* **کمزور سماعت کے حامل نومولود اور بچوں میں بول چال اور بڑھوتری میں تاخیر کا خطرہ ہوتا ہے۔**

بچہ پیدائش پر بیمار ہے اور cCMV کے اضافی آثار یا علامات ظاہر کرتا ہے۔ **cCMV کے حامل تقریبًا ہر 10 بچوں میں سے 1 پیدائش پر بیمار ہو گا۔** ان بچوں میں دیکھی جانے والی علامات میں چھپاکی، جلد یا آنکھ کے سفید حصوں کا پیلا ہونا) یرقان)، سر کا چھوٹا سائز (مائیکوسیفیلی)، پیدائش پر کم وزن، بڑا جگر یا تلی، دورے پڑنا اور آنکھوں کو نقصان شامل ہو سکتی ہیں۔

## سماعت کی کمزوری کی جلدی تشخیص

سماعت کی کمزوری cCMV انفیکشن کا عمومی ترین نتیجہ ہے۔ سماعت کی کمزوری بچے کی زبان، بول چال اور سماجی مہارتوں کو متاثر کر سکتی ہے۔

NYS پبلک ہیلتھ لاء حصہ 2500-g تقاضہ کرتا ہے کہ تمام نومولود بچوں کی پیدائش کے بعد جلدی ہی سماعت کی اسکریننگ کی جائے۔ اگر آپ کے بچے کی سماعت کی اسکرین ناکام ہو جاتی ہے، تو ان کا ایک مختلف تشخیصی ٹیسٹ کے ذریعے ٹیسٹ کیا جائے گا۔ یہ NYS پبلک ہیلتھ لاء سیکشنز 2500-a کے تحت لازمی ہے۔

اگر آپ کو اپنے بچے کی سماعت کے ٹیسٹ کے متعلق کوئی سوالات یا خدشات ہیں، تو ان کے نگہداشت صحت کے فراہم کنندہ سے بات کریں۔ NYS میں، نومولود بچے کی سماعت کی اسکریننگ کے نتائج کی ارلی ہیئرنگ ڈیٹیکشن اینڈ انٹروینشن (Early Hearing Detection and Intervention, EHDI) کو رپورٹنگ کی جا سکتی ہے۔

**نوٹ:** سماعت کی یہ اسکرین اور cCMV نومولود اسکرین علیحدہ ہیں۔ دونوں ٹیسٹوں میں سے سماعت کی کمزوری کے حامل بچے چھوٹ سکتے ہیں۔

**EHDI پروگرام کے متعلق مزید معلومات کے لیے، براہ کرم ان کی ویب سائٹ ملاحظہ کریں:**

https://www.health.ny.gov/community/infants_children/early_intervention/newborn_hearing_screening/.